08/02/2025

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

کابینہ

حکومت نے 2022-23سے 2025-26 تک کی مدت تک اسکل انڈیا پروگرام کیلئے آٹھ ہزار 8 سو کروڑ روپئے کی منظوری دی ہے۔ میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ مانگ کے حساب سے ہنرمندی کے فروغ پر حکومت اوّلین ترجیح دے رہی ہے اور اس بات پر زور دیا جارہا ہے کہ تبدیلی اور معیار میں اضافہ کیا جائے۔

انہوں نے کہا کہ حکومت نے 31 مارچ 2028 تک تین برس کیلئے صفائی کرمچاریوں کیلئے قومی کمیشن کی مدت میں بھی توسیع کی منظوری دی ہے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی 10 فروری 2025کوپریکشا پہ چرچہ پروگرام کے تحت طالب علموں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اس پروگرام کا مقصد طلباءکو امتحانات کے دباو

سے دور رکھناہے ۔یہ اس پروگرام کاآٹھواں ایڈیشن ہوگا۔ امسال پریکشا پہ چرچا پروگرام میں ٔ شرکت کے لئے 5کروڑافراد جن میںطلبائ،اساتذہ اوروالدین شامل ہیں، نے شرکت کے لئے انداج کرایا ہے۔پر و گرام صبح11بجے دور درشن اور دیگر متعددنشریاتی اداروں سے نشر ہوگا جہانوزیر اعظم نریندرمودی طالب علموں کو تعلیم سے متعلق قیمتی آراءاورتجاویز پیش کریں گے تاکہ وہ امتحانات میں بغیر کسی دباو کے شامل ہو سکیں ۔اس سال تما م ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے 36طلباءکا انتخاب کیا گیا ہے۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے ایک میٹنگ میں ضلع بڈگام میں جل جیون مشن کے تحت کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا جس میں مقامی ممبران اسمبلی علی محمد ڈار ، شفیع احمد وانی اور سیف الدین بٹ بھی موجود تھے۔

وزیر موصوف نے محکمہ کے اَفسران پر زور دیا کہ وہ جل جیون مشن کے تحت ہو رہے کاموں کو مقررہ مدت کے اندر پایہ تکمیل تک پہنچائےں۔ اُنہوں نے آفسرونکو ہدایت دی کہ وہ مقامی ممبران اسمبلی کی مشاورت سے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹس تیار کریں۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے ایک انٹرایکٹو مصنوعی ذہانت پر مبنی پلیٹ فارم ، سمادھان 2.0 کو عوام کے لئے وقف کیا ہے۔ اس پورٹل پر شہریوں کے ذریعہ رجسٹرڈ شکایات کے ازالے کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ اس موقع پر دیگر شرکاءکے علاوہ مختلف محکموں کے انتظامی سربراہان بھی موجود تھے۔

انہوں نے مختلف نوعیت کی شکایات کی نشاندہی کے لئے AI کو استعمال کرنے کی بھی تاکید کی
۔

وجے کمار بدھوری

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے رواں ماہ کے آخر میں گلمرگ میں کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز کے 5ویں ایڈیشن کے کامیاب انعقاد کے لئے تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے افسران کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

نیشنل وِنٹر گیمز گلمرگ میں 22فروری سے شروع ہو کر 25 فروری کو اختتام پذیر ہوں گے جن میں ایک ہزار سے زائد ایتھلیٹس ، کوچ اور عہدیدار حصہ لیں گے۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے تمام محکموں کو قریبی تال میل بنائے رکھنے پر زور دیا۔

شانت منو

محکمہ تعلیم کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری شانت منو نے صوبہ کشمیر کے تعلیمی منظرنامے کا جائزہ لینے کے لئے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوننے تمام سی اِی اوز اور زیڈ اِی اوز کو

ہدایت دی کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ آنے والے تعلیمی سیشن میں وادی کے تمام سکولوں میں متعلقہ سربراہان بچوں کو اَخلاقی تعلیم فراہم کرنے کے لئے اضافی اقدامات کریں۔اُنہوں نے کہا کہ ہمیں بچوں کو اَخلاقی تعلیم دینے اور مادری زبان پر بھی خصوصی توجہ دینی چاہیے۔

شانت منو نے کہاکہ یہ آرٹیفیشل اِنٹلی جنس کا دور ہے لہٰذاہمیں جدید طریقوں اور آلات کو اَپنا کر بچوں کو تعلیم فراہم کرنی چاہئے ۔

گاندربل

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل جتن کشور نے منی سیکرٹریٹ گاندربل میں ڈِسٹرکٹ کیپکس بجٹ 2024-25کے تحت ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔

انہوں نے دیہی ترقی، صحت، تعلیم، آر اینڈ بی، پاور ڈیولپمنٹ، جل شکتی، اور زراعت اور متعلقہ شعبوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا ۔ کمشنر موصوف نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ فنڈز کے زیادہ سے زیادہ اِستعمال کو یقینی بنائے اور تمام منظور شدہ منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کریں۔

دریں اثناءایک اور میٹنگ میں ڈی سی موصوف نے ضلع میں محکمہ جل شکتی کے کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں انہوں نے جل جیون مشن کے تحت صد فیصد گھریلو کوریج حاصل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

گنتی

دلی اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی آج صبح 8 بجے شروع ہوئی ہے۔ ووٹوں کی گنتی کے لئے دلی کے گیارہ اضلاع میں 19 گنتی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ آخری اطلاعات ملنے تک بی جے پی 46 اورعام آدی پارٹی 24 نشستوں پر آگے چل رہی ہے ۔

تجاویز

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****